ONE NATION ONE PASSION

**PAKISTAN CRICKET BOARD**
MEDIA RELEASE

# چار کرکٹ ایسوسی ایشنز کے انڈر 19 سٹی کرکٹ چیمپئنز کا فیصلہ ہو گیا

**لاہور، 2 جون 2022ء:**

اکیس مئی سے ملک بھر میں جاری انڈر 19 سٹی کرکٹ ٹورنامنٹس کی چار کرکٹ ایسوسی ایشنز کے چیمپئنز کا فیصلہ ہو گیا ہے۔ راولپنڈی سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن نے نادرن کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ انڈر 19 سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا ہے۔ کے پی کرکٹ ایسوسی ایشن میں خیبر انڈر 19، سندھ کرکٹ ایسوسی ایشن میں کراچی زون ٹو انڈر 19 اور سینٹرل پنجاب کرکٹ ایسوسی ایشنز میں فیصل آباد انڈر 19 ٹیمیں فاتح قرار پائے ہیں۔

راولپنڈی انڈر 19 نے پچاس اوورز کی طرز کے سہ فریقی کرکٹ مقابلے میں اسلام آباد اور اٹک کی ٹیموں کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا، جہاں اٹک انڈر 19 نے دوسری اور اسلام آباد انڈر 19 نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ چیمپئن ٹیم کے کپتان عفان اشفاق نے ٹورنامنٹ کے دوسرے میچ میں نصف سنچری اسکور کرنے کے ساتھ ساتھ تین وکٹیں بھی حاصل کیں۔

خیبر پختونخوا کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام انڈر 19 سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں خیبر انڈر 19 نے چارسدہ کو فائنل میں 79 رنز سے شکست دی۔ کپتان محمد سلمان نے نصف سنچری بنائی جبکہ ریاض اللہ نے چار وکٹیں حاصل کیں۔

سینٹرل پنجاب میں کھیلے گئے انڈر 19 ٹورنامنٹ میں فیصل آباد نے منڈی بہاؤالدین کو پانچ وکٹوں سے ہرایا۔ فاتح ٹیم کے محمد طیب انصر اور سبحان سعید نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔ محمد معاذ نے 51 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

کے سی سی اے گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں کراچی زون 2 نے کراچی زون 6 کو 53 رنز سے شکست دے دی۔ علی حسن نے 92 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیل کر اپنی ٹیم کو چیمپئن دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ضیاء اللہ نے ٹورنامنٹ کے فائنل میں 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

-ENDS-


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk


**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB’s mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women’s game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

## HELP PREVENT CORONAVIRUS

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre

WASH HANDS THOROUGHLY

KEEP YOUR DISTANCE

AVOID CROWDED PLACES

WEAR A MASK

COUGH & SNEEZE INTO A TISSUE OR ELBOW

STAY HYDRATED

STAY AT HOME IF YOU FEEL ILL

**Commercial Partners**

**Broadcast & Live Streaming Partners**

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial